ABC CERTIFIED
www.hareefdigital.com
صفحات 8 قیمت 20 روپے
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
CPL No:377
چیف ایگزیکٹو: میاں محمد مشتاق
روزنامہ حریف لاہور
ایڈیٹر: حفیظ الرحمٰن مغل
جلد نمبر 18 | بدھ 28 فروری 2024ء، 17 شعبان المعظم 1445ھ، 17 پھاگن 2080 بکرمی | شمارہ نمبر 60

صدر عارف علوی پر آئین توڑنے کے مقدمات 2 ہوں گے: بلاول بھٹو

عارف علوی پر ایک مقدمہ عدم اعتماد کے وقت اسمبلی توڑنے کا ہوگا اور دوسرا مقدمہ آئین کے مطابق قومی اسمبلی اجلاس نہ بلانے کا ہوگا' صدر منتخب ہو کر آصف علی زرداری اپنے گورنرز کو خود منتخب کریں گے ان لیگ کیساتھ کام نہیں کروں گا تو مسائل کیسے حل ہونگے

بھٹو قتل کیس میں ایسا مضبوط فیصلہ دیا جائے تاکہ تاریخی حقیقت پر قلم لگ جائے' سیاستدانوں کو ایک دوسرے کی عزت کرنا پڑیگی' سیاسی اختلافات کے باوجود عزت نہیں کریں گے تو کوئی ادارہ عزت نہیں کریگا' سپریم کورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ انچارج) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو کا فرض نہیں جو ڈیل کی ہوا تھا' ہمیں انصاف ملے گا تو ان ملک کو انصاف ملے گا' سپریم کورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا صدر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54)

انتخابات میں دھاندلی کی تحقیقات کو جلد مکمل ہوتا دیکھنا چاہتے ہیں: امریکہ

نئی حکومت کی تشکیل پاکستان کا داخلی معاملہ ہے جسے قیادت کو طے کرنا ہے' امریکہ اس میں فریق نہیں

واشنگٹن (بائیرو کیک) امریکہ نے کہا ہے پاکستان میں انتخابات سے متعلق رپورٹ ہونے والی بے ضابطگیوں کی تحقیقات کو ہم آگے بڑھتے اور جلد از جلد مکمل ہوتا دیکھنا چاہتے ہیں۔ امریکی وزارت خارجہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53)

صدر ایک بار پھر آئین شکنی کرنا چاہتے ہیں تو وہ اجلاس سمن کریں صدر اگر سمری پر دستخط نہ کریں تو مطلب وہ نہیں چاہتے اجلاس ہو' سوئیں نے کھیل کھیلا چاہا ہے: اسحاق ڈار

قومی اسمبلی کا اجلاس بلائیں

وزیراعظم نے صدر کو دوبارہ ایڈوائس بھیج دی

آئین کے تحت انتخابات کے 21 دن کے اندر اجلاس طلب کرنا آئینی ڈیڈ لائن ہے' صدر مملکت آئین میں درج ڈیڈ لائن کے مطابق قومی اسمبلی کا اجلاس بلائیں: نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ

قومی اسمبلی سیکرٹریٹ نے آئینی ڈیڈ لائن پوری ہونے پر اجلاس بلانے کا اصولی فیصلہ کرلیا' قومی اسمبلی اجلاس کا نوٹیفکیشن بدھ اور جمعرات کی درمیانی شب جاری کئے جانے کا امکان ہے: ذرائع

29 فروری کو تمام اسمبلیاں وجود میں آجائیں گی' صدر کے انتخاب کیلئے مطلوبہ الیکٹورل کالج کی تکمیل ہوجائے گی' یکم مارچ کو صدر کے انتخاب کا شیڈول اور پبلک نوٹس جاری کیا جائیگا: ترجمان الیکشن کمیشن

اسلام آباد (بیورو رپورٹ انچارج) 16 ویں قومی اسمبلی کا افتتاحی سیشن ہالے میں صدر مملکت کے اجتماعی نگران وزیراعظم نے صدر کو دوبارہ ایڈوائس ارسال کردی ساتھ ہی قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کو اجلاس طلب کرنے کا اختیار دے دیا' تفصیلات کے مطابق نگران (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 58)

میٹ کی خلاف ورزی کروں گی نہ ہونے دوں گی: مریم نواز

بالیاں امور میں شفافیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا' کوئی سیاسی بھرتی نہیں ہوگی' عوام کے مسائل کا فوری حل چاہیے' مسائل کی جڑ تک پہنچیں گے

خدمت کے جذبے سے سرشار یا تندرا افسروں کو میلوٹ کرنی ہوں' عوامی افادیت کے منصوبے جاری رکھے جائیں: اجلاس سے خطاب

رمضان بیکج تیار ہو گیا' لاہور اور پنجاب میں 167 لاکھ سے زائد راشن بیگ گھروں کی دہلیز پر پہنچیں گے: وزیراعلیٰ کو اجلاس میں بریفنگ

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے بالیاں امور میں شفافیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا' سول سرونٹس عوام کی خدمت کے جذبے سے سرشار ہیں' احتساب' شفافیت' کوالٹی ورک اور ہوم ورک ریڈ لائن ہیں' کام کرنے والوں کا احترام کرتی ہوں' تعمیلات (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55)

لاہور: وزیراعلیٰ مریم نواز سیف سٹیز اتھارٹی کے ہیڈ کوارٹرز کے دورہ کے موقع پر خواتین اہلکاروں سے ملاقات کررہی ہیں

ہماری نشستیں نہ دی جارہیں ہفتے کے روز دوبارہ احتجاج کی کال دینگے: عمران خان

صدر پاکستان نے قومی اسمبلی کا اجلاس نہ بلا کر بالکل ٹھیک کیا' پارٹی چھین ہوئی ہے مگر مخصوص نشستیں نہیں دی جارہیں' چیف الیکشن کمشنر مستعفی ہوں

پارٹی رہنماؤں سے مشاورت کے بعد آئی ایم ایف کو خط لکھیں' وجاہت کا ظلم سے پی ٹی آئی ختم ہوئی ہوئی' میڈیا سے گفتگو

راولپنڈی (آئی این پی) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان نے کہا ہے صدر پاکستان نے قومی اسمبلی کا اجلاس نہ بلا کر بالکل ٹھیک کیا' پارٹی چھین ہوئی ہے مگر مخصوص نشستیں نہیں دی جارہیں' سارا ملک انتخابات میں ان (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 60)

190 ملین پاؤنڈ کیس: عمران خان اور بشریٰ بی بی پر فرد جرم عائد' صحت جرم سے انکار

اس کیس میں تاخیر نہیں چاہتے' 8 فروری سے نیب کو جلدی تھی' اب ہمیں سزا کیساتھ جلدی ہے: بانی پی ٹی آئی کا روسٹرم پر بیان

احتساب عدالت کے جج ناصر جاوید رانا نے فرد جرم پڑھ کر سنائی' آئندہ سماعت پر استغاثہ کے 5 گواہوں کو طلب کرلیا

راولپنڈی (آئی این پی) 190 ملین پاؤنڈ ریفرنس میں عمران خان اور بشریٰ بی بی پر فرد جرم عائد کردی گئی' تاہم پاکستان تحریک انصاف کے قائد اور سابق وزیراعظم اور بشریٰ بی بی نے فرد جرم میں چیلنج کیا' عدالت میں پیش کیا گیا' دوران سماعت جج ناصر جاوید رانا نے پی ٹی آئی کے سربراہ کو کٹہرے میں کھڑا کیا' ریفرنس پر سماعت ہوئی' بانی پی ٹی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 61)

خاتون اول نے صحت جرم سے انکار کردیا۔ راولپنڈی کی احتساب عدالت کے جج ناصر جاوید رانا نے اڈیالہ جیل میں ریفرنس پر سماعت کی۔ دوران سماعت جج ناصر جاوید رانا نے پی ٹی آئی کے قائد اور سابق وزیراعظم عمران خان اور بشریٰ بی بی کو عدالت میں پیش کیا

سنی اتحاد کونسل کی مخصوص نشستیں' پی ٹی آئی اور پی ایم کیلئے نئی مانگ لیں

سنی اتحاد کونسل پارلیمانی جماعت نہیں اس لئے بچی ہوئی مخصوص نشستیں نہیں دی جائیں' الیکشن کمیشن میں موقف' سماعت آج بھی ہوگی

مخصوص نشستیں صرف الیکشن لڑنے والی جماعتوں کا حق ہیں' سنی اتحاد کونسل کی نشستیں نہیں ملتیں: جسٹس منیب' سپریم کورٹ کی رہنماؤں کیساتھ پریس کانفرنس

اسلام آباد (بیورو رپورٹ انچارج) پاکستان مسلم لیگ ن، پیپلز پارٹی اور (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 62)

الیکشن کمیشن نے ووٹر لسٹیں غیر منجمد کردیں

انتخابی فہرستوں میں ووٹ کا اندراج' منتقلی اور کوائف میں درستگی کروائی جاسکے گی

اپنے ضلع کے ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر کو فارم 21، 22، 23 جمع کرائے جاسکتے ہیں

اسلام آباد (آئی این پی) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے ووٹر لسٹیں فریز کردیں۔ انتخابی فہرستوں میں ووٹ کا اندراج' منتقلی اور کوائف میں درستگی کروائی جاسکے گی

اپنے ضلع کے ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر کو فارم 21، 22، 23 جمع کرائے جاسکتے ہیں۔ ووٹر لسٹیں غیر منجمد ہونے کے بعد (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 64)

ایاز صادق سپیکر قومی اسمبلی' ہونگن لیگ اور پی پی میں اتفاق ہوگیا

وفاق میں حکومت سازی کیلئے ن لیگ اور پیپلز پارٹی میں حتمی مشاورت کے بعد مجوزہ شیڈول تیار' پی پی سپیکر کیلئے پیپلز پارٹی اپنا نام دے گی

اسحاق ڈار کے چیمبر میں ہونے والے اہم اجلاس میں اتحادی جماعتوں نے اپوزیشن کے ممکنہ احتجاج سے نمٹنے کیلئے بھی حکمت عملی طے کرلی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ انچارج) وفاق میں حکومت سازی کیلئے ن لیگ اور پیپلز پارٹی کے درمیان مشاورت کے بعد مجوزہ شیڈول تیار کرلیا گیا۔ (ن) لیگ کی جانب سے سردار ایاز صادق اتحادی حکومت کی طرف سے سپیکر کے منصب (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 56)

ملک چلنے والا نہیں' نظام بیٹھ جائیگا' حق پر چلیں گے: فضل الرحمٰن

ملکی نظام میں مداخلت امیدواروں تک پہنچ چکی ہے' جو نظام کے اندر میں دو روئیں گے' ہم کسی حکومت میں شامل نہیں ہونا چاہتے

آئی ایم ایف کو خط لکھ کر انہیں اپنے امور میں ملوث نہیں کرنا چاہیے' ہمارے اور پی ٹی آئی کے درمیان دیواریں پھلانگ چکی ہے: اجلاس سے خطاب

پشاور (انٹرنیٹ ڈیسک جمعیت علماء اسلام پاکستان کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا ہے ہم کسی حکومت میں شامل نہیں ہونا چاہتے' ہم نے نظام سے باہر رہتے ہوئے کا فیصلہ کیا ہے' ملک چلنے والا نہیں نظام بیٹھ جائے گا۔ پیٹرول میں مصنوعی قلت مصنوعی مہنگائی بھی بھری' امراء' نخلیہ' ا ا' رائیس اسمبلی' امیدواران' تحصیل ناظمین شامل قومی اضلاع کیا جائے سے خطاب (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 57)

پنجاب کابینہ کیلئے ن لیگ اور اتحادیوں کے ناموں پر مشاورت مکمل

پہلے مرحلے میں 16 اور دوسرے مرحلے میں 7 سے 10 وزراء پنجاب کابینہ کا حصہ بنیں گے

لاہور (خصوصی رپورٹ) پنجاب کابینہ کی تشکیل کیلئے ن لیگ اور اتحادیوں کے ناموں پر مشاورت مکمل ہوگئی ہے' پنجاب کابینہ کی تشکیل دو مرحلوں میں ہوگی' پہلے مرحلے میں 16 رکنی کابینہ حلف اٹھائے گی بقیہ دوسرے مرحلے 7 سے 10 وزراء کابینہ میں شامل ہوں گے۔ ن لیگ سے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 67)

کراچی: مزار قائد پر وزیراعظم سندھ کے عہدے کا حلف اٹھا رہے ہیں

سینیٹ اجلاس: پی ٹی آئی کا شدید احتجاج' ایوان کی کارروائی کا بائیکاٹ

آئین میں واضح لکھا ہے' جس جماعت کی جتنی نشستیں ہیں اس کے مطابق انہیں مخصوص نشستیں ملیں گی: پی ٹی آئی سینیٹرز

ہماری خواتین سے سیاسی انتقام لیا جارہا ہے' ایک کیس سے نکلتی ہیں تو جیل کے باہر سے دوسرے کیس میں پکڑ لیا جاتا ہے: علی ظفر

سپیکر قومی اسمبلی کیلئے عامر ڈوگر پی ٹی آئی کے امیدوار ہوں گے

پی ٹی سپیکر کیلئے چیلنج خان امیدوار ہوں گے' بنگلی تاریخ نہیں آتی بڑی دھاندلی نہیں ہوئی: عمر ایوب

عوام کا مینڈیٹ چوری کیا گیا' ہم اس کے خلاف آخری حد تک جائیں گے: اڈیالہ جیل کے باہر میڈیا سے گفتگو

راولپنڈی (بیورو رپورٹ انچارج) پاکستان تحریک انصاف کے قائد عمران خان نے بیکسٹر اور پی ٹی سپیکر قومی اسمبلی کیلئے امیدوار نامزد کردیے۔ تفصیلات کے مطابق اڈیالہ جیل سے راولپنڈی کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پی ٹی آئی رہنما اور وزیراعظم کیلئے نامزد امیدوار عمر ایوب (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 68)

انتخابات سے بے یقینی ختم' پاکستان معیشت میں بہتری ہوگی: بلوم برگ

پاکستان کے ڈالر بانڈ میں سرمایہ کاروں کی دلچسپی بڑھ گئی' اب پاکستان کی ریٹنگ بہتر ہوسکتی ہے

اسلام آباد انڈ بارٹ (این پی) مالیاتی امور کے حوالے سے امریکی نشریاتی ادارے بلومبرگ نے پاکستانی معیشت میں بہتری کی نوید سنا دی۔ تفصیلات کے مطابق اپنی ایک رپورٹ میں بلومبرگ کا کہنا ہے کہ پاکستان کے ڈالر بانڈ میں سرمایہ کاروں کی دلچسپی بڑھ گئی ہے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 73)

بجلی کے جھٹکوں کے بعد یکم مارچ سے پٹرول اور ڈیزل بھی مہنگا

اسلام آباد (آن لائن) حکومت نے مہنگائی کا ایک اور بم گرا دیا۔ یکم مارچ سے پٹرول اور ڈیزل کی قیمتیں بڑھا دی گئیں۔ تفصیلات کے مطابق پٹرول کی قیمت میں 3 روپے 70 پیسے کا اضافہ کیا گیا۔ ڈیزل کی قیمت میں 3 روپے 50 پیسے کا اضافہ کیا گیا۔ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 71)

پشاور ہائیکورٹ کا عالمی امن گنڈا پور کو گرفتار نہ کرنے کا حکم

پشاور (آئی این پی) پشاور ہائیکورٹ نے خیبر پختونخوا کے وزیراعلیٰ امین (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 72)

پاک فوج نے ایل او سی پر بھارتی جاسوس ڈرون مار گرایا

باقیات مل گئیں' کواڈ کاپٹر پر بھارتی فضائیہ کے ایک یونٹ کا نشان بھی موجود ہے: آئی ایس پی آر

راولپنڈی (این پی) پاک فوج نے لائن آف کنٹرول (ایل او سی) پر بھارتی فوج کا ایک اور جاسوس کواڈ کاپٹر مار گرایا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی جانب سے جاری بیان کے مطابق پاکستان کی جاسوسی کرنے والے بھارتی فضائیہ کے کواڈ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 74)

گلگت بلتستان کے شہر سکردو میں بارش کا سلسلہ جاری' کئی علاقوں کا رابطہ کٹ گیا

29 فروری سے ملک کے مختلف حصوں میں مزید بارش اور برفباری ہوسکتی ہے: محکمہ موسمیات

گوادر (انٹرنیٹ ڈیسک) گوادر' خضدار اور پشین میں مسلسل بارش کے باعث شہر کے بیشتر علاقے زیر آب آگئے جس سے بچنے کی صورتحال پیدا ہوگئی۔ شہر میں برفانی آبادی سمیت مختلف علاقے میں ڈوب گئے۔ بارش کی وجہ سے امدادی کارروائیوں میں مسلسل (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 69)

الرحمٰن گارڈن فیز 2 کی ہر اہم لوکیشن پر کمرشل و رہائشی پلاٹ پروجیکٹ
الرحمٰن سکوائر مال
شاپس، اپارٹمنٹس، دفاتر اور ریسٹورنٹس
پروجیکٹ کی تعمیر مکمل، آیئے کاروبار کے آغاز کیساتھ زندگی کا لطف بھی اُٹھائیں
بکنگ 20% سے بقیہ انتہائی آسان اقساط میں
بہ خواب نہیں، حقیقت پر یقین رکھتے ہیں
A PROJECT OF AL-REHMAN DEVELOPERS
UAN: 042-111-191-191
0300-0650028, 0300-0650029

AL-REHMAN GARDEN PHASE 7
الرحمٰن گارڈن فیز 7
SECTOR 42
LDA APPROVED
3.5,5,10 مرلہ رہائشی پلاٹس
4 مرلہ کمرشل پلاٹس
بکنگ صرف 150,000/-
بیلنس 1 سال میں
بقیہ 5 سال کی آسان اقساط میں
تمام سہولیات سے آراستہ
Wide Carpeted Road | Under ground Electricity | 24/7 Security Surveillance | International Living Standard
بہ خواب نہیں، حقیقت پر یقین رکھتے ہیں
A PROJECT OF AL-REHMAN DEVELOPERS
سائٹ آفس: شرقپور روڈ، نزد فیض پور انٹرچینج، لاہور
www.alrehmangardens.com
UAN: 042-111-191-191, 0300-2914169, 0300-0297200
alrehmangarden.official | alrehmandevelopers | al-rehman-developers

چیف ایڈیٹر نوشیل مہمشتق
روزنامہ حریف لاہور
چیف ایڈیٹر خبیب الرحمٰن ملک

سٹی نیوز

جامعہ محمدیہ بلاک جنیئر ڈیرہ اسمٰعیل خان میں محفل نعت پڑھی جا رہی ہے مولانا افاق محمد اعظم فاروقی خطاب کر رہے ہیں

کامیاب ازدواجی زندگی گزارنے سے متعلق رہنمائی کے منصوبہ کا آغاز

والدین بچوں کو آنے والی زندگی کے چیلنجوں پر مشاورت کے ذریعے آگاہ کریں: شمس رائے

لاہور (سٹی رپورٹر) محکمہ پراسیکیوشن ویلفیئر پنجاب کی ڈائریکٹر جنرل شمس رائے نے آج اپنے آفس میں میاں بیوی کو جوڑوں کے ازدواجی زندگی گزارنے کے بارے میں ایجوکیٹ کرنے، فیملی طرز کے اجلاس کی صدارت کی۔ اس موقع پر ڈائریکٹر پی ایم ای سیاں اجمد، قاری زبیر، ایڈوکیٹ ہائیکورٹ ٹیکنیکل اکبری، ایڈوکیٹ ہائیکورٹ عائشہ ملک پی ایم ای شاہ زاد، ازدواجی ایجوکیٹر اینڈ ایڈوکیٹ ہائیکورٹ طاہر ظفر نے شرکت کی۔ ڈائریکٹر جنرل شمس رائے نے کہا کہ محکمہ بہبود آبادی پنجاب نے شادی سے پہلے مشاورت کا منصوبہ شروع کیا ہے جس کا مقصد نوجوان جوڑوں کو صحت مند زندگی کے بارے میں آگاہی دینا ہے۔ ہم شادی سے پہلے مشاورت کے ذریعے نوجوان جوڑوں کو صحت مند زندگی کے بارے میں آگاہی دیتے ہیں۔ ہم شادی سے پہلے مشاورت کے ذریعے ازدواجی زندگی کے چیلنجوں کا سامنا کرنے کے لیے تیار کرتے ہیں۔ ہم ازدواجی زندگی کے بارے میں آگاہی دیتے ہیں۔ ہم ازدواجی زندگی کے چیلنجوں کا سامنا کرنے کے لیے تیار کرتے ہیں۔ ہم ازدواجی زندگی کے چیلنجوں کا سامنا کرنے کے لیے ایک تعلیمی اجلاس منعقد

روزنامہ تازہ اخبار لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد اشتاق
ایڈیٹر: عبدالرحمٰن منگل

روزنامہ حریف لاہور
چیف ایڈیٹر: میاں محمد اشتاق
ایڈیٹر: عبدالرحمٰن منگل

پاکستان کے 76 سالہ دور میں نئی اور منفرد تاریخ رقم

تحریر: ذیشان الحق

سیاست کی علمبردار، لہجہ بھرپور، سیاسی حکمت عملی بھی شاندار ہے، مریم نواز نے تعلیمی اداروں میں اپنی تقاریر سے سیاسی کیریئر کا آغاز کیا۔ مریم نواز کو 2017 کے لئے دنیا کی 100 بااثر خواتین میں شامل کیا گیا، پانامہ پیپرز کے فیصلے کے بعد مریم نواز نے جارحانہ سیاست اپنائی، مریم نواز سڑکوں پر نکلیں تو کراؤڈ ''بلا'' کہلائیں، سیاسی مخالفین کو جرات سے للکارا، مریم نواز والد کے ساتھ ڈٹ کھڑی ہوئیں اور سیاسی جانشین کہلائیں۔ مریم نواز نے جیل میں

بھرپور سیاسی جدوجہد، انتھک محنت اور قید و بند کی صعوبتیں برداشت کرنے والی پاکستان کی ''آئرن لیڈی'' مریم نواز نے تخت پنجاب کی بڑی ذمہ داری سنبھال لی۔ عوام نے مریم نواز کو نواز دیا، مسلم لیگ (ن) کی جانب سے پہلی خاتون وزیراعلیٰ پنجاب بننے والی مریم نواز جارحانہ

پاکستان کی ''آئرن لیڈی'' مریم نواز نے تخت پنجاب کی ذمہ داری سنبھال لی

سیاست کی ''مار'' کہلائیں، سیاسی مخالفین کو جرات سے للکارا، مریم نواز والد کے ساتھ ڈٹ کھڑی ہوئیں اور سیاسی جانشین کہلائیں۔ مریم نواز نے جیل میں بی کلاس کی سہولتیں لینے سے انکار کیا اور عام قیدیوں کی طرح قید کاٹی، مریم نواز نے قید و بند کی صعوبتیں برداشت کیں مگر مزاحمت کے بیانیہ سے پیچھے نہ ہٹیں، مریم نواز نے والد محکلثوم نواز کی غیر موجودگی میں ان کا لاہور میں ضمنی الیکشن بھی جیتا، ملک بھر میں ریلیاں نکالتی رہیں اور جلسوں میں حکمران وقت کو للکارتی رہیں۔ مریم نواز نے اپنے والد کو واپس لائیں اور 2024 کا انتخابی محاذ بھی دبنگ انداز میں سنبھالا، مسلم لیگ ن نے مریم نواز کو عام انتخابات 2013 کے دوران ضلع لاہور کی انتخابی مہم کا منتظم مقرر کیا۔ مریم نواز کو 2 2 نومبر 2013 کو وزیراعظم پوتھ پروگرام کا انچارج مقرر کیا گیا، مریم نواز نے نوجوانوں کو لیپ ٹاپ اور سکالرشپس دلائے، پارٹی کو یوتھ میں مقبول بنانے میں اہم کردار ادا کیا۔ 1999 میں نواز شریف حکومت برطرف ہوئی تو مریم نواز پر بھی مصیبتوں کے پہاڑ ٹوٹ پڑے، چار ماہ تک گھر میں نظر بند کئے گئے بعد سعودی عرب جلاوطن کر دیا گیا، نومبر 2011 میں نواز شریف نے انہیں سیاست کے میدان میں قدم رکھنے کا گرین سگنل دیا۔ پانامہ پیپرز کے فیصلے کے بعد مریم نواز نے جارحانہ سیاست اپنائی، 2018 کے انتخاب میں انہیں قومی اور صوبائی اسمبلی کا ٹکٹ دیا گیا مگر انہیں اس سے قبل اپون فنڈ ریفرنس میں 7 سال سزا سنادی گئی، مریم نواز کو 10 سال کے لئے نااہل بھی قرار دیا گیا اور وہ الیکشن نہ لڑ سکیں۔ تحریک انصاف کے دور حکومت میں جب لگی قیادت جیلوں میں تھی تو مریم نواز نے پارٹی کی انتخابی سیاست کا بھی محاذ سنبھالا، ضمنی انتخابات کا میدان لگا تو مریم نواز کی قیادت کے باعث ہی پنجاب کے تمام قومی و صوبائی حلقوں میں ن لیگ کو کامیابی ملی، یہی نہیں خیبر پختونخوا میں بھی ن لیگ نے بعض حلقوں میں میدان مارا۔ مریم نواز نے سیاسی جدوجہد کے لئے کراچی پہنچیں تو ہوٹل میں کمرے کا دروازہ توڑ کر ان کے خاوند کو گرفتار کیا گیا مگر وہ پھر بھی خوفزدہ نہ ہوئیں، نیب مقدمات میں خود کو پیش کرنے لئے ٹھوکر نیاز بیگ آفس پہنچے

پر ان کے قافلے پر فائرنگ اور پتھراؤ کیا گیا لیکن وہ اپنے بیانیہ سے ایک انچ بھی پیچھے نہ ہٹیں۔ مریم نواز کی تقاریر نشر کرنے پر پابندی عائد ہوئی لیکن وہ ملک بھر میں ریلیاں نکالتی رہیں اور جلسوں میں حکمران وقت کو للکارتی رہیں، سیاسی مخالفت میں ان پر حکومت نے ایسے مظالم ڈھائے کہ ای سی ایل میں نام ہونے کی وجہ سے والد سے تین سال نہ مل سکیں، اور تو اور اپنے بیٹے کی شادی میں بھی شریک نہ ہوسکیں۔ مسلم لیگ (ن) کی قیادت نے مریم نواز کی صلاحیتوں اور لیڈرشپ کے اعتراف میں انہیں پارٹی کا چیف آرگنائزر اور سینئر نائب صدر مقرر کیا، باپ کی جانشین بیٹی نے سیاست کی بساط پر ایسی چالیں چلیں کہ والد کو وطن واپس لائیں اور 2024 کا انتخابی محاذ بھی دبنگ انداز میں سنبھالا اور مسلم لیگ ن کو پنجاب اور وفاق میں سب سے زیادہ نشستیں لینے والی جماعت بنایا۔ اب معاملہ حکومت سازی کا آیا تو پارٹی قیادت نے مریم نواز کو وزیراعلیٰ پنجاب کے لئے نامزد کیا اور وزیراعلیٰ پنجاب منتخب ہونے کے بعد یوں پاکستان اور پنجاب کی نئی سیاسی تاریخ رقم ہو گئی ہے۔ مریم نواز کی سیاسی جدوجہد دیکھ کر بلاشبہ کہا جاسکتا ہے کہ نامی کو کی بغیر مشقت نہیں ہوا۔ سو ہار جب حقیقی کٹا تب نگیں ہوا۔

مریم نواز 220 ووٹ حاصل کر کے وزیراعلیٰ پنجاب منتخب ہوئیں، مسلم لیگ ن کی چیف آرگنائزر نے پاکستان کے کسی بھی صوبے کی پہلی خاتون وزیراعلیٰ بننے کا اعزاز حاصل کیا ہے، مریم نواز نے بطور پنجاب کی پہلی خاتون وزیراعلیٰ منتخب ہونے کے بعد اسمبلی میں تقریر کے دوران اپنی والدہ بیگم کلثوم نواز کی تصویر کو سامنے ڈائس پر رکھا، دوران خطاب والدہ کا ذکر کرتے ہوئے مریم نواز کی آنکھوں میں آنسو آگئے۔ مریم نواز نے اپنی مرحومہ والدہ کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم پر بھی انتہائی مشکل وقت آئے۔ والدہ نے مجھے تعلیم اور مشکلات کا سامنا کرنے کی ٹریننگ دی، والدہ نے سکھایا

کس طرح مضبوطی سے مشکلات کا سامنا کیا جاتا ہے، اپنی والدہ اور قوم کی تمام ماؤں کو خراج تحسین پیش کرنا چاہتی ہوں۔ انہوں نے کہا کہ میں اپنی مرحوم والدہ کا بھی شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں کیونکہ انہوں نے مجھے ایسے حالات کیلئے تیار کیا جن کا شاید اندازہ نہیں تھا جنہیں ان سے بھی گزرنا پڑے گا۔ نومنتخب وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا کہنا تھا کہ جمہوریت کیلئے بیگم کلثوم نواز نے گھر کی دہلیز سے باہر قدم نکالا اور آمر کا مردانہ وار مقابلہ کیا اور وہ اپنے حق کیلئے کھڑی رہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہاں بہت بڑی تعداد میں

مریم نواز کی پہلی تقریر والدہ بیگم کلثوم نواز کی تصویر کو سامنے ڈائس پر رکھا

خواتین موجود ہیں، آج ایک تاریخ بن رہی ہے، آج ہر ماں، بیٹی کی فتح ہے، یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ عورت ہوتا آپ کے خوابوں کی تعبیر میں رکاوٹ نہیں بن سکتا۔ میرا وزیراعلیٰ بننا ہر پاکستانی خاتون کیلئے ایک اعزاز ہے۔ دعا کرتی ہوں کہ یہ سلسلہ آگے بڑھے اور کل کوئی اور خاتون میری جگہ لے۔ انہوں نے کہا اپوزیشن کو پیغام دیتی ہوں میرے دل اور دفتر کے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں، پنجاب کے عوام کا بھی شکریہ ادا کرتی ہوں، جنہوں نے الیکشن میں ساتھ دیا، مخالفین کا شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں ان کی وجہ سے بہت کچھ سیکھنے کو ملا، مخالفین نے جتنے مظالم کیے اتنا ہی مضبوط ہوتی گئی، نومنتخب وزیراعلیٰ مریم نواز نے کہا کہ آج میری نہیں ہر ماں بیٹی کا کامیابی ہوئی ہے، میری والدہ نے میرا بہت ساتھ دیا، نواز شریف بھی بھی وزیراعلیٰ پنجاب کی کرسی میں بیٹھے تھے، نواز شریف نے وزیراعلیٰ پنجاب بن کر عوام کی خدمت کی، 100 سال بھی کام کروں تو نواز شریف جیسی نہیں بن سکتی، انہوں نے کہا کہ نوجوان نسل کو پیغام دینا چاہتی ہوں کہ اپنے والدین کی خدمت کریں ان کی دعائیں، شہباز شریف نے دنیا بھر میں اپنی کارکردگی کا لوہا منوایا، ساڑھے 12 کروڑ عوام کی ذمہ داری میں نے سنبھال لی ہے، میرے لیے اپوزیشن سمیت سارا ایوان قابل احترام ہے، پنجاب کے عوام کی خدمت کیلئے ہر قدم اٹھانے کو تیار ہوں، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا کہ کسان، مزدور، ہیروز کار افراد کے مسائل کا پتہ ہے، ن لیگ کے منشور پر عملدرآمد آج سے ہی شروع ہوگا، کاروباری افراد کو بہت سی سہولتیں دیں گے، کاروباری لیونٹی کو سہولتیں ملیں گی تو سرمایہ کار پاکستان آئیں گے، بطور وزیراعلیٰ پنجاب چاہتی ہوں کہ ایسا نظام لاؤں جس سے ہر انسان کی بات سن سکوں، ہم نے پنجاب

کے عوام کیلئے رمضان پیکیج تیار کرلیا ہے، پنجاب کے عوام کو ان کی دہلیز میں رمضان پیکیج پہنچائیں گے، ماہ صیام میں سستے رمضان بازار بھی لگائیں جائیں گے، 60 ہزار سے کم تنخواہ والے طبقے کیلئے مریم نواز نے کہا کہ تعلیمی نظام میں بہتری لائیں گے، میرٹ پر آنے والی طلبا کی پڑھائی کا خرچہ پنجاب حکومت اٹھائے گی، طلبا کو جو کچھ چاہیے ہوگا ان کو دیں گے، لیپ ٹاپ، آئی پیڈ، ٹیبلٹ اور جو کچھ بھی چاہیے ہوگا دیں گے، انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کیلئے بلاسود قرض لائیں گے، طلبا کیلئے فری لائنگ کا بھی بہتر نظام لایا جائے گا، نوجوان اور طلبا کو ہم الیکٹرک موٹر بائکس دیں گے، یوتھ کیلئے وزیراعلیٰ پنجاب کے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں، طلبا کے مسائل کو ان کیساتھ بیٹھ کر سنوں گی، بہتر تعلیم کیلئے ابھی بہت سے مسائل درپیش ہیں، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے اپنے خطاب میں مزید کہا کہ نیچر ٹریننگ پروگرام شروع کریں گے، پنجاب میں سکول ٹرانسپورٹ سسٹم دیں گے، دانش سکول منصوبے کو بھی بڑھائیں گے، پنجاب کے ہر ضلع میں کم از کم ایک دانش سکول ہونا چاہیے، سرکاری سکولوں کا نصاب بہتر کرنے کی ضرورت ہے، خصوصی بچوں کی سیفٹی کیلئے بھی کام کریں گے، سکرڈ ڈیلپمنٹ کی اپ کریڈیشن پر بھی خصوصی توجہ دیں گے، مریم نواز نے مزید کہا کہ بنیادی صحت مراکز میں ڈاکٹرز کی موجودگی کو یقینی بنائیں گے، پنجاب میں ایئر ایمبولینس کی سہولیات بھی لیکر آئیں گے، 2015 والے ہیلتھ



کارڈ کو بھی جلد دوبارہ واپس لے کر آئیں گے، نرسز کیلئے مزید ٹریننگ سکول نئے قائم کریں گے، وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ پاکستان کی نرس

سستے بازار قائم کرینگے نوجوانوں کو ای بائیک، سود سے پاک قرضے دینگے

گلف میں تو چاہتی ہے لیکن یورپ کیوں نہیں جاسکتیں، نرسری ٹریننگ ایسی ہو کہ وہ بیرون ممالک جہاں چاہیں جاسکیں۔ ورکنگ خواتین کیلئے گھر سے باہر محفوظ ماحول فراہم کرنا میری ذمہ داری ہے، مردوں کے مقابلے میں خواتین کو بھی قرضے ملنے چاہئیں، کام کی جگہ پر خواتین کیلئے ڈے کیئر سنٹر اور دیگر سہولیات ہوں گی، خواجہ سراؤں کیلئے قابل عزت خصوصی پیکیج ہوگا، خواتین، خواجہ سراؤں، اقلیتوں کا خصوصی خیال رکھا جائے گا، ایسے پاکستان کا خواب دیکھتی ہوں جہاں کسی اقلیت کو ڈر سے رات نہ گزارنا پڑے، کھیلتا پنجاب پروگرام بھی شروع کریں گے، تعلیمی اداروں کے گراؤنڈز شام کو عام بچوں کیلئے کھلے ہونے چاہئیں، پنجاب کو ڈیجیٹل پنجاب بنائیں گے، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا کہ اپنے دور کے دوران پانچ آئی ٹی سٹیز بنا کر جاؤں گا، آئی ٹی کمپنیز میں عالمی لیک کمپنیز کے دفاتر قائم کرائیں گے، 3 4 بنیادی خدمات ڈیجیٹلائزڈ کریں گے، بڑے شہروں میں مفت وائی فائی فراہم کریں گے، ای لائبریریز پھر سے فعال کریں گے، اے آئی ٹیکنالوجی سکھانے کیلئے بچوں کو سہولیات دیں گے، انہوں نے کہا کہ انٹرنل اور انٹرنیشنل سڑکیں پانچ سال میں مکمل تعمیر ہوجائیں گی، موٹروے سمیت دیگر راستے آسان بنادیں گے، پکیاں سڑکاں، سوکھے پینڈے پروگرام کو آگے بڑھائیں گے، ڈویژنل ہیڈ کوارٹرز شہروں میں میٹرو بس منصوبے شروع کریں گے، ساتھ ہی پنجاب پر میری خصوصی توجہ ہے، اپنے ارکان اسمبلی سے روزانہ میٹنگ کروں گی، آغاز ساتھ پنجاب سے ہوگی، کسی ایک ایریا کی نہیں، پنجاب کے تمام عوام کی ذمہ دار ہوں، لوگوں کو بجلی سے چلنے والی گاڑیوں کی طرف لے کر جائیں گے، پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی 18 شہروں تک پھیلائیں گے، آئی جی ڈاکٹر عثمان انور نے تھانہ کلچر کیلئے بہت بہتر کام کیا، ماڈل پولیس سٹیشنز بنائیں گے۔

چیف ایگزیکٹو ٹیمل مشتق
روزنامہ حریف لاہور
ایڈیٹر: حنیفہ الرحمٰن منہل

سنی اتحاد کونسل کی مخصوص نشستوں کا معاملہ

عالیہ انتخابات میں پی ٹی آئی کی حمایت سے آزاد حیثیت کامیاب ہونے والے امیدواروں کے بارے میں الیکشن کمیشن کی طرف سے جاری اتحاد کونسل کی مخصوص نشستوں کے معاملے پر تمام مواد خواتین بتا کر دیں۔ اب ساعت ختم ہو گئی۔ الیکشن کمیشن کے مشہور سلطان راہی نے زیر سماعت کیس کی سماعت پوری شعر فی موضوع (ایم کے ایم) کے درمیان فیصلہ صدر کی طرف سے جاری کردہ ہے۔ اگر سیاسی جماعت میں تنظیمی ایوانات ہی نہیں ہیں تو وہ کس اتحاد کی تنظیم ہے۔ سلیم کی بے ساختہ مسکراہٹ ہر زبان پر ہے۔ اس موضوع پر عوام کا کہنا تھا کہ مخصوص نشستوں کے لیے آپ نے اگر سیاسی جماعت میں تنظیمی ایوانات ہی نہیں تو وہ کس کو دیں گے۔ کون سی جماعت ہے کہ وہ کون اتحادی تنظیم ہے۔ سلیم کی بے ساختہ مسکراہٹ پر زبردست قہقہے لگائے گئے۔ پی ٹی آئی کا رہنما ذکاء اللہ کا کہنا ہے کہ اس موضوع پر موجود ہے۔ اس کا کہنا تھا کہ وہ اور سیاسی جماعت میں ہوں گے۔ الیکشن کمیشن نے فیصلہ کیا ہے کہ سنی اتحاد کونسل کو مخصوص نشستوں کی مد میں دی جائیں۔ اظہم مرتضیٰ بزدار کا موقف تھا کہ اتحاد کونسل نے عام انتخابات میں ایک سیٹ حاصل نہیں کی۔ اس صاحب میں بھی اراکین کا انکار کیا کہ مخصوص نشستیں کیسے دی جا سکتی ہیں۔ سیاسی جماعت کے رجوع کرنے میں ہم نے انتخابات میں حصہ لیا۔ پی ٹی آئی کے امیدوار کو ہی ہم نے ووٹ دیا تھا۔ اس صاحب میں بھی اراکین کا انکار کیا کہ مخصوص نشستیں کیسے دی جا سکتی ہیں۔ الیکشن کمیشن نے اس معاملے پر مشاورت کی۔ اس کے بعد الیکشن کمیشن نے فیصلہ کیا ہے کہ اتحاد کونسل کو مخصوص نشستیں نہیں دی جائیں گی۔ اظہم بزدار کا موقف تھا کہ اتحاد کونسل نے عام انتخابات میں ایک سیٹ حاصل نہیں کی

چیف ایگزیکٹو پبلشر محمد اسحٰق
روزنامہ حریف لاہور
ایڈیٹر: خالد رحمٰن علی

سارے شہر میرے شہر

حافظ آباد میں ڈی پی او سٹرسز ارشد پڈھار پیس لگانے والے مالکان کو اپنی اوزی سے روانہ کر رہی ہیں

کشمیر گیرج خواجہ ایڈوکیٹ شہزادی محترمہ بی بی کو حقانی قطر پے پار کرانے والے ایونیو کا افتتاح کر رہے ہیں

سیاست دانوں، بیوروکریسی، ججز کی مراعات ختم کی جائیں: مولانا طٰہٰ واحد انچیری

ملکی معاشی معاملات انتہائی پریشان کن، اس وقت ہر فرد، ہر وارث کو قربانی دینے کی ضرورت ہے

کراچی (نمائندہ خصوصی) سابق وزیر داخلہ و معروف سوشل میڈیا سکالر مولانا طٰہٰ واحد انچیری کا کہنا ہے کہ ملک کو درپیش معاشی بحران کو ختم کرنا ہے تو سیاست دانوں، بیوروکریسی اور عدلیہ کی مراعات ختم کی جائیں۔ ان خیالات کا اظہار مولانا طٰہٰ واحد انچیری نے کراچی میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ اس وقت ملکی معاشی حالات انتہائی پریشان کن ہیں اس وقت ہر فرد، ہر وارث کو قربانی کی ضرورت ہے تمام اداروں کو اپنا سیاسی مفاد ختم کرنا ہوگا اگر ایسا نہیں کیا جاتا تو ملک کا مستقبل خطرے میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے سیاسی، معاشی، سماجی اور ثقافتی ڈھانچے کو تباہ کرنے کے لیے سیاسی، معاشی، سماجی اور ثقافتی حملے کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم اس وقت ایک ایسے دوراہے پر کھڑے ہیں جہاں ہمیں اپنے مستقبل کا فیصلہ کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں اپنے اپنے گریبان میں جھانکنا ہوگا اور اپنے اپنے مفاد کو ملک و قوم پر قربان کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے سیاسی، معاشی، سماجی اور ثقافتی ڈھانچے کو تباہ کرنے کے لیے سیاسی، معاشی، سماجی اور ثقافتی حملے کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم اس وقت ایک ایسے دوراہے پر کھڑے ہیں جہاں ہمیں اپنے مستقبل کا فیصلہ کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں اپنے اپنے گریبان میں جھانکنا ہوگا اور اپنے اپنے مفاد کو ملک و قوم پر قربان کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے سیاسی، معاشی، سماجی اور ثقافتی ڈھانچے کو تباہ کرنے کے لیے سیاسی، معاشی، سماجی اور ثقافتی حملوں کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں اس کا مقابلہ مل جل کر کرنا ہوگا۔

پاکستان: پھوٹ ڈالنے پر صحافیوں کا پی آر او کے تبادلے کا مطالبہ

گروپ بندی کروانے پر صحافی ہم متعدد نے ڈی پی او سے ایوارڈ لینے سے انکار کر دیا

پاکستان (نمائندہ خصوصی) صحافیوں کو جسم کرنے پر عاملوں کا الزام لگا کر ڈی پی او کے خلاف احتجاج کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق ڈی پی او کے خلاف احتجاج کا اعلان ک

رمیز راجہ کا کھلاڑیوں کو بیگمات کو ٹور پر ساتھ نہ لیکر جانے کا مشورہ

کھلاڑی بیویوں کو شاپنگ کروانے اور بچوں کی دیکھ بھال میں لگ جاتے ہیں، کھلاڑیوں کی ناقص پرفارمنس پر بیویاں خواہ مخواہ تنقید کی زد میں آتی ہیں

لاہور (سپورٹس ڈیک) سابق ٹیسٹ کرکٹر اور چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) رمیز راجا نے کھلاڑیوں کو بیویوں کے ہمراہ ٹور پر لیجانے پر لب کشائی کردی۔ معروف کمنٹیٹر رمیز راجا نے ایک پوڈ کاسٹ میں بات کرتے ہوئے کہا کہ میری ذاتی رائے میں کھلاڑیوں کو بیگمات کے ہمراہ ٹور پر نہیں جانا چاہیے، کیونکہ ان کا کرکٹ سے فوکس بہت کر دوسری جگہ چلا جاتا ہے، کھلاڑی بیویوں کو شاپنگ کروانے اور بچوں کی دیکھ بھال میں لگ جاتے ہیں جس سے ان کا ردھم خراب ہوتا ہے۔ رمیز راجا نے کہا کہ کھلاڑیوں کی ناقص پرفارمنس پر بیویاں خواہ مخواہ تنقید کی زد میں آتی ہیں، میں ایک ٹور میں بھی اپنی بیگم کو ساتھ لے کر نہیں گیا کیونکہ مجھے اندازہ تھا کہ ایسی کی وجہ سے میرا فوکس کرکٹ سے ہٹ جائے گا۔

بھارت نے ہوم گراؤنڈ پر لگاتار 17 ٹیسٹ سیریز جیت لیں

نئی دہلی (سپورٹس ڈیک) بھارتی کرکٹ ٹیم کو ٹیسٹ سیریز میں فتحت دینا ناممکن ہوتے لگا، انگلینڈ کو چوتھے ٹیسٹ میں فتحت دیکر مسلسل 17 ویں سیریز جیت لی۔ فروری 2013 سے اب تک بھارت نے انگلینڈ، آسٹریلیا، نیوزی لینڈ اور جنوبی افریقہ کے علاوہ دیگر ممالک سے 17 ٹیسٹ سیریز جیتیں تاہم گوئی بھی میچ ڈرا نہیں ہوا کامیاب نہ ہوسکی۔ پاکستان اور بھارت نے سال 2007 کے بعد سے کوئی ٹیسٹ میچ نہیں کھیلا، سیمی سلوں کو جواز بنا کر بھارتی حکومت نے پاکستان کیخلاف کھیلنے انکار کیا تاہم آئی سی سی ایونٹس میں دونوں ٹیمیں مدمقابل آتی رہی ہیں۔ آخری ٹیسٹ سیریز میں بھارت نے پاکستان کو 1-0 سے فتحت دی تھی۔ واضح رہے کہ سب سے ہوم گراؤنڈ پر ٹیسٹ سیریز جیتنے والی ٹیموں میں آسٹریلیا دوسرے نمبر پر ہے جس نے 2 مرتبہ ہوم گراؤنڈ پر 10 سیریز جیتیں، ویسٹ انڈیز نے ایک مرتبہ 8 فتحت، ایک بار 7 سیریز ہوم گراؤنڈ پر جیتیں۔

ساتھی سری لنکن کرکٹر والنتن آسٹریلوی شیری بن کے ہمراہ طغامی ٹیم سے کھیلیں گے

کولمبو (سپورٹس ڈیک) سری لنکا کے ساتھی کرکٹر تنگ رتنے والنتن آسٹریلوی شیری بن گئے۔ آسٹریلوی رکن پارلیمنٹ جیسن ووڈ نے سوشل میڈیا پر والنتن کی آسٹریلوی شہریت کا اعلان کیا، جیسن ووڈ نے کہا کہ کرسٹین شپ کی تقریب خاص اس لیے تھی کہ اس میں ساتھی سری لنکن کپتان تنگ رتنے والنتن بھی موجود تھے، تنگ رتنے والنتن سری لنکا ون ڈے نے تاریخ کے ایک بہترین بیٹر بنانے جاتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ تنگ رتنے والنتن نے ورلڈ کپ 2011 میں 5 سو سے زائد رنز بنا کے کا ریکارڈ قائم کیا، وہ اب آسٹریلوی شہری کی حیثیت سے متالی ٹیم جوائن کریں گے۔

کوئنز لینڈ: ویمنز فٹبال میچ کے دوران جمہوریہ آئرلینڈ کی بیور پینے اور گلیمر پاکی کرسٹی ایچی بال کیلئے لڑتے ہوئے

ہسپانوی فٹ بالر جوش اگناسیو پیلی ٹریو نے اسلام قبول کرلیا

ہیلتھ بیلر سابق کویتی فٹ بالر لیفل یور سیلی سے اسلام کے متعلق سیکھنے کے بعد مسلمان ہوگئے

11 سال سے دوست سابق کویتی فٹ بالر لیفل یور سیلی سے اسلام کے متعلق سیکھنے کے بعد مسلمان ہوگئے۔ انہوں نے کہا کہ وہ مسلمان ہونے پر بہت خوش اور باحقوق ہیں۔ انہوں نے حرم کیا کہ اسلام کے دائرے میں شامل ہونا ان کی زندگی کا بہترین لمحہ تھا، اور اس کے لیے وہ یور سیلی کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ پیلی ٹریو نے کہا کہ جب اس نے یور سیلی کو گمراہ کا کھانا چاہا تو اس کی والدہ نے ہیلتھ بیلر کو ایک پیغام کیا جس پر اسلام میں خوش آمدید کھا ہوا تھا۔ شاہ مطربی اتیبن میں پیدا ہونے والے ہیلتھ بیلر نے 2021 میں فٹ بال سے ریٹائرمنٹ لی لی۔

ہسپانوی فٹ بالر جوش اگناسیو پیلی ٹریو نے اسلام قبول کرلیا، دنیا بھر کے متعدد فٹ بال اسٹارز دائرہ اسلام میں داخل ہوچکے۔ جرمن ڈیفنڈر رابرٹ باؤر، ہالینڈ سٹارگیمرس سیڈ رف، پارسلونا کیپ اسٹار ایرک ابیڈل بھی مسلمان ہوچکے، گھانا کے اسٹار قاسس پارٹی، فرانسیسی فٹ بالر فریک ریجری، مالی کے فرینڈ پریکا کونٹ، مانچسٹر یونائیٹڈ کے اسٹار پال پوگبا بھی اسلام قبول کرچکے۔ فرانسیسی کھلاڑی ایمیکا، ٹوگو کے ساتھی کپتان ایمانوئل ایبیاٹر نے بھی اسلام قبول کیا۔ ترک خورسان ادارے نے ہسپانوی میڈیا آؤٹ لیٹ مارکا کے حوالے سے کھا کہ 32 سالہ ہیلتھ بیلر اپنے

قومی کبڈی چیمپئن شپ آج شروع ہوگی

چیمپئن شپ کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے جائیں گے

اسلام آباد (سپورٹس ڈیک) پاکستان کبڈی فیڈریشن کے زیر اہتمام قومی کبڈی چیمپئن شپ آج 28 فروری سے جناح سٹیڈیم، اسلام آباد میں شروع ہو گی۔ پاکستان کبڈی فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل محمد مردار نائیک نے پاکستان چیمپئن شپ کی تیاریاں مکمل کر لی ہیں اور چیمپئن شپ میں ملک بھر سے فیڈریشن کے ساتھ منسلک تیرہ ڈیپارٹمنٹ، صوبائی اور ریجنل ایسوسی ایشنز کی ٹیمیں حصہ لیں گی۔ پاکستان آرمی، پاکستان ایئر فورس، پاکستان واپڈا، پاکستان ریلوے، پاکستان پولیس، پی ای ایچ واہ، پاور ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ، پنجاب، خیبر پختونخوا، سندھ، بلوچستان، گلگت بلتستان اور اسلام آباد کی ٹیمیں شامل ہیں۔ چیمپئن شپ 8 مارچ تک جاری رہے گی اور چیمپئن شپ کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے جائیں گے۔

پی ایس ایل 9: اعظم خان، عارف یعقوب نے ریکارڈز توڑ دیئے

لاہور (سپورٹس ڈیک) اسلام آباد یونائیٹڈ نے پلے بائز اعظم خان اور پشاور زلمی کے اسٹور عارف یعقوب کی بدولت پی ایس ایل کی تاریخ میں ایک ایڈیشن میں پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کے سیزن نو کے میچ میں اپنے جوبن پر نظر آئے۔ اعظم خان نے پی ایس ایل 9 کی تیز ترین سنچری صرف 21 گیندوں پر درج کی۔ وائیں ہاتھ کے کھلاڑی نے ڈیوڈ ملان کا ریکارڈ توڑ دیا جنہوں نے ایونٹ کے دوران پشاور زلمی کے خلاف 22 گیندوں پر یہ کارنامہ انجام دیا تھا۔ اس دوران عارف یعقوب نے پی ایس ایل کی تاریخ میں ایک اوور میں چار وکٹیں لینے والے پہلے بولر بن۔ واضح رہے کہ پشاور زلمی کی 11 ویں فرنچائز تھی اور عارف یعقوب کی 5 وکٹوں کی مدد سے پشاور زلمی نے پی ایس ایل 9 کی تیز ترین سنچری بنائی۔ اسلام آباد یونائیٹڈ کو آخر رنز سے شکست دی تھی۔ پشاور نے 202 رنز کا ہدف دیئے کے بعد اسلام آباد کو 193 تک محدود کر دیا۔ یہ مقابلے میں پشاور کی مسلسل تیسری جیت تھی۔

انگلینڈ: ڈیڈی اکی بروک ایم بیڈرین اوسٹزاوپن گالف ٹورنامنٹ میچ کے دوران شارٹ کھیل رہی ہیں

فیملی سے سٹیڈیم میں بدسلوکی، محمد عامر کا مریم نواز سے کارروائی کا مطالبہ

ملتان کے ڈپٹی کمشنر کے رویے سے حیران ہوں، طاقت کا یہ غلط استعمال نا قابل برداشت ہے، فاسٹ باؤلر

لاہور (سپورٹس ڈیک) فاسٹ باؤلر محمد عامر نے سنگل کو پنجاب پولیس پر تنقید کرتے ہوئے ملتان میں پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کے میچ کے دوران اپنے خاندان کے ساتھ "ناقابل قبول" رویے کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا۔ سابق رائٹ کے پیس فارم ایکس (ٹویٹر) پر محمد عامر نے لکھا کہ "ملتان کے ڈپٹی کمشنر کے ناقابل قبول رویے سے حیران ہوں جس نے میدان پر میرے خاندان کے ساتھ بدسلوکی کی اور ایک میچ کے دوران انہیں غیر متعلقہ علاقہ پر کراؤڈ کی کلیکٹ کا دھوکی کرتے ہوئے بے جا بل کیا۔" جیکوئیر باؤ نے کہا کہ "طاقت کا یہ غلط استعمال نا قابل برداشت ہے! حکام "ناقابل قبول" رویے کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کرتے ہوں"۔ پاکستان اس وقت پی ایس ایل کے 9 ویں ایڈیشن کا اقتدار کر رہا ہے۔ ووان سیزن کے ابتدائی میچز لاہور اور ملتان میں کیے وقت ہو رہے ہیں۔ عامر کو پی ایس ایل 9 میں کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے کرایک گلڈری جانب سے ریٹیئر کیے جانے کے بعد مقتل کیا تھا۔

ہمزہ باؤ میں بھی ایک کرنے کو ترجیح دیتے ہیں، صائم ایوب

لاہور (سپورٹس ڈیک) پشاور زلمی کے اوپننگ بلے باز صائم ایوب نے کہا کہ وہ باؤ میں بھی ہم اوقت کرنے کو ترجیح دیتے ہیں لاہور میں اسلام آباد یونائیٹڈ کے خلاف میچ کے بعد پریس کانفرنس کرتے ہوئے جوبرد زلمی کے بیٹر کو کیا تھا کہ پشاور زلمی تین شعبوں میں اٹیکنگ کیم کھیلتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم ذہنی میں بھی ہم ایک ایک کرنے کو ترجیح دیتے ہیں۔

ایاکس کنسٹلنک پریمیئر کرکٹ ٹورنامنٹ کے موقع پر چیئرمین اسد علی خان کا ڈیوسٹین، آصف غوریو دیگر کے ساتھ گروپ فوٹو

یمنیٰ زیدی کا بھارتی گانے پر رقص، ویڈیو وائرل

کراچی (شوبز ڈیک) اداکارہ و ماڈل نوال سعید نے دوران شوٹ انکشاف کیا ہے کہ ان سے کئی اداکاریں جیلی ہیں۔ نوال سعید نے حال ہی میں نجی ٹی وی کے انٹرویو پروگرام میں شرکت کی اور اپنی پروفیشنل و نجی زندگی کے حوالے سے کھل کر گفتگو کی۔ ایک سوال کے جواب میں اداکارہ نے کہا کہ ماضی میں جب میں کیریئر کی ابتدا کی تھی تو کئی اداکاریں تھیں جو مجھ سے جلتی تھیں کہ اب اتنے واقعے رکھ اور شہرت آخر کیسے کر رہی ہے۔ اس موقع پر اختر کے کافی اصرار کرنے پر بھی انہوں نے ان ساتھی اداکاروں کے نام نہیں بتائے لیکن یہ ضرور کہہ دیا کہ یہ بات ہے میرے پہلے اور دوسرے دارے کی ہے۔

مجھ سے کئی اداکارائیں جلتی ہیں، نوال سعید

ہر آنے والا دن میرے لیے ایک نیا چیلنج لے کر آتا ہے، عائشہ عمر

لاہور (شوبز ڈیک) اداکارہ و ماڈل عائشہ عمر نے کہا ہے کہ ہر آنے والا دن میرے لیے نئے چیلنج لے کر آتا ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے عائشہ عمر نے کہا کہ اداکاری، ماڈلنگ اور گلوکاری کے شعبے ایک دوسرے سے مختلف ہیں لیکن ان سے وابستہ ہونے کے بعد بہت کچھ سیکھنے کا موقع ملا رہا ہے۔ ہر آنے والا دن میرے لیے نئے چیلنج لے کر آتا ہے۔ عائشہ عمر نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ شوبز میں اپنی اداکاری کے انمٹ نقوش چھوڑنا چاہتی ہیں۔ فلم اور ٹی وی کے علاوہ اب تھیٹر، میوزک پر کنسرٹس میں پرفارمنس میں پرفارمنس دوران بھی بہت کچھ سیکھنے کو ملتا ہے۔ اداکارہ نے کہا کہ میں کوشش ہوں کہ اپنی صلاحیتوں کو متعارف کرنے اور ان کو لوگوں تک پہنچانے کیلئے فون لفظ کے شعبے سے بہتر ہیں۔

سارہ علی خان کی تصاویر سوشل میڈیا پر وائرل

ممبئی (شوبز ڈیک) بالی وڈ اداکارہ سارہ علی خان نے اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر بلاشیں کی سرگوں پر کھوکھے کی تصاویر شیئر کردیں۔ اداکارہ نے تصاویر کے ذریعہ اپنے فینز کو اپنی زندگی کی لطف اندوزلوں کی خبر دے دی۔ سارہ علی خان نے بطاقیہ کی سڑکوں پر گھلتے ہوئے، وہاں کی خوبصورت مقامات کا لطف اٹھایا۔ اداکارہ سارہ علی خان نلموں میں مصروف ہونے کے باوجود گھومنے پھرنے کے لئے وقت نکال ہی لیتی ہیں۔ اب اداکارہ کو بڑھا نیہ میں اپنی زندگی کا لطف اٹھاتے ہوئے دیکھا گیا۔ سارہ علی خان کو آپ تصاویر میں یان آؤٹ فٹس میں کمبر کے لئے پوز دیتے ہوئے دیکھ جاسکتا ہے۔ انسٹاگرام پر اداکارہ کی جانب سے مصر کی جانے والی کیپشن میں لکھا گیا کہ موڈ کرو یک کافی ہوا، اب کچھ یان اور ڈرائیک ہونے کا وقت ہے۔ جیکیا ایک تصویر میں اداکارہ سارہ علی خان بر خاتیہ کی کے رسٹورنٹ میں لذیذ ڈش کا لطف اٹھاتے ہوئے دیکھا گیا۔

خلیجی ممالک میں کشمیر سے متعلق ایک اور متنازع بھارتی فلم پر پابندی

دبئی (شوبز ڈیک) خلیجی ممالک میں کشمیر سے متعلق ایک اور متنازع بھارتی فلم کی ریلیز پر پابندی عائد کردی گئی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق فلم آرٹیکل 370 سے متعلق سرٹیفکیٹ بورڈ کی جانب سے کوئی وضاحت سامنے نہیں آئی۔ واضح رہے کہ اس سے قبل بھی متنازع بھارتی فلم فائٹر کی خلیج ممالک میں ریلیز پر پابندی عائد کردی گئی تھی۔ پہلے ختمہ عرب امارات نے ریلیز پر پابندی عائد کی تھی اتنا ہی بعد میں یہاں بھی ریلیز پر پابندی عائد کردی گئی۔

جیل میں شوٹنگ کے 20 منٹ گزارنا بھی مشکل لگ رہا تھا، رندیپ ہوڈا

ممبئی (شوبز ڈیک) بالی وڈ اداکار رندیپ ہوڈا نے اپنی آئندہ آنے والی فلم سوانتنتریہ ویر سواورکر فلم کی تیاری کے حوالے سے اپنے تجربات پر کو سوشل میڈیا ایپ انسٹاگرام پر شیئر کی ہے۔ اپنی اس کی انسٹاگرام پوسٹ میں انہوں نے متعدد تصاویر شیئر کیں جن میں وہ تصویر بھی شامل ہے جس میں وہ کالا پانی میں قید خانے کے اس سیل کا دورہ کیا جہاں سواورکر کو رکھا گیا تھا۔ انہوں نے اس حوالے سے انکشاف کیا کہ میں نے خود کو اس الاک اپ میں منقفل کیا تو محسوس ہوا کہ قید خانے میں کیا گزرتی ہے، ان کے مطابق قید خانے میں منٹ گزارنا بھی بھاری پڑ رہا تھا۔

سدھو موسے والا کے والدین کے ہاں جلد ننھے مہمان کی آمد متوقع، میڈیا

ممبئی (شوبز ڈیک) میڈیا رپورٹس میں دعویٰ کیا جا رہا ہے کہ دیاست پنجاب سے تعلق رکھنے والے معروف آنجہانی گلوکار اور سیاست دان سدھو موسے والا کے والد کے ہاں جلد ننھے مہمان کی آمد متوقع ہے۔ میڈیا کے مطابق سدھو موسے والا کے خاندان کی ذرائع نے اس خبر کی تصدیق کی ہے کہ گلوکر بیٹی رونما اور گلوکار شبھ دیپ سنگھ سدھو موسے والا کے والدین اپنے خاندان میں ایک نئے فرد کے اضافے کی تیاریوں میں مصروف ہیں۔ ایک رپورٹ میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ سدھو موسے والا کی والدہ چرن کور حمل سے ہیں اور آئندہ ماہ وہ ایک بچے کو جنم دینے والی ہیں۔

سلمان خان کی ننھے فینز سے ملنے کی ویڈیو وائرل

ممبئی (شوبز ڈیک) بالی وڈ اداکار دبنگ خان سلمان خان ممبئی ایئرپورٹ پر چپکی کو دیکھ کر رک گئے اور ان سے ہاتھ ملائے۔ میگا اسٹار سلمان خان وقت سے ممبئی پہنچے تو ایئرپورٹ سے باہر نکلتے وقت بچوں کو دیکھ کر رک گئے۔ اداکار نے اپنی سیکورٹی کو ایک طرف کرتے ہوئے بچوں کو پیار کیا اور ان سے ہاتھ ملائے۔ سلمان خان کی بچوں سے گھلنے ملنے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی اور ان کے مفلر نے خاص طور پر بچوں کے ساتھ سلمان خان کے ایکٹے ہوئے کو مثال قرار دیا۔

SOCIAL MEDIA

سوشل میڈیا

سرکاری افسر کے گھر کی پاپ لائن سے رشوت کے لاکھوں برآمد

بھارتی ریاست کرناٹک میں سرکاری افسر کے گھر کی پائپ لائن سے نوٹ برآمد ہوگئے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق کرناٹک میں اینٹی کرپشن بیورو کے حکام نے پبلک ورکس ڈپارٹمنٹ کے انجینئر کے گھر چھاپا مارا تو پائپ لائن سے پانی جگہ نوٹ نکل آئے۔ چھاپے میں 25 لاکھ روپے کیش اور بڑی تعداد میں سونا بھی برآمد کیا گیا۔ کرنسی نوٹ پائپ لائن میں چھپانے کی اطلاع پر اینٹی کرپشن بیورو کیکام نے پلمبر کی مدد سے پائپ لائن سے نوٹ برآمد کیے۔ پائپ لائن خصوصی طور پر نوٹ چھپانے کے لئے بنائی گئی تھی۔ بھارت میں سرکاری کرپٹ افسروں کیخلاف کریک ڈاؤن کیا جارہا ہے اور اب تک متعدد کرپٹ افسروں کیخلاف کارروائی کی جاچکی ہے۔

چینسل چوری، تیسری جماعت کا طالبعلم دوست کیخلاف تھانے پہنچ گیا



چینسل چوری کرنے پر تیسری جماعت کا طالبعلم دوست کیخلاف تھانے پہنچ گیا جس کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوچکی ہے۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق ریاست آندھرا پردیش کے کرنول میں کلاس 3 کے ایک بچے نے اپنے دوست کے خلاف پنسل چوری کرنے پر پولیس میں شکایت درج کرائی۔ آندھرا پولیس کی جانب سے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر بھی ویڈیو شیئر کی گئی۔ واضح رہے کہ یہ واقعہ فروری میں پیش آیا تھا اور ان بچوں کے درمیان ہونے والی گفتگو کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہونے کے بعد منظر عام پر آئی تھی۔ بن منفعہ نامی بچہ پولیس سٹیشن گیا اور پولیس والوں سے اس کے دوست کے خلاف چوری کا مقدمہ درج کرنے کی درخواست دی۔ کرنول ضلع کے پیڈا کلا رجے کے ایک پرائیویٹ سکول کے طالب علم بن منفعہ نے الزام لگایا کہ اس کا دوست روزانہ اس کی پنسلیں اور کبھی کبھار پیسے بھی چرا تا ہے۔

سوشل میڈیا، ٹرینڈ، پاپ کلچر

تازہ سیلفی

ملک اجمل، ملک کاشف، ملک واصف (لاہور)

محمد شکیل، محمد اشرف، محمد راشد (قصور)

نوٹ۔ سوشل میڈیا کارنر کے لیے بھیجی گئی تصاویر پر مشتمل ہے اور ادارہ کا متفق ہونا ضروری نہیں!

سوشل میڈیا کارنر

تازہ اخبار — حریف

SOCIAL MEDIA

اپنی سیلفی، لطائف، دلچسپ باتیں
اور وہ سب کچھ جو ہے سوشل میڈیا پر وائرل
بھیجیے "ڈز نامہ حریف/تازہ اخبار" "سوشل میڈیا کارنر" میں

نوٹ۔ سیلفی کم از کم تین لوگوں کی ہونی چاہئے۔
اپنا اور شہر کا نام ضرور لکھیں

03224066431

کلاسیفائیڈ

اطلاع برائے قارئین وشہریان

بذریعہ اشتہار عام اطلاع دی جاتی ہے کہ جاب ٹیسٹ کے ذریعے بھرتی ہونے والے امیدوار جو کہ ٹیسٹ کے نتائج کے بعد ملازمت کے منتظر ہیں۔

بذریعہ اشتہار عام اطلاع دی جاتی ہے کہ ٹیسٹ کے نتائج کے بعد ملازمت کے منتظر

پی ٹی آئی قیدی خواتین کیساتھ جو کچھ ہوا وہ غلط، سینیٹ میں آواز اٹھا دی

جے یو آئی (ف) نے اگر مریم نواز اور فریال تالپور کل ہمارے لیے محترم تھیں تو آج یہ خواتین بھی ہمارے لیے محترم ہیں، سینیٹر کامران مرتضیٰ کا اظہار خیال

پاکستان تحریک انصاف کے سینیٹر زبارثی کی قیدی خواتین کے معاملے پر واک آؤٹ، ڈپٹی چیئرمین کی ہدایت پر سینیٹر مشاہد حسین سید اور سینیٹر پلوشہ خان کا رائے

لاہور: ان لیگ کی خواتین کارکن مریم نواز کے دورہ اٹک پہنچنے پر منچلائی تقسیم کر رہی ہیں

اسلام آباد (این این پی) بھیت علماء اسلام (ف) نے پاکستان تحریک انصاف کی قیدی خواتین کیلئے بھیت مدد آزاد فاؤنڈیشن تنصیبات کے مطابق بھیت اطلاس کے دوران ہے جو آئی (باقی صفحہ 7 نمبر 1)

چیف الیکشن کمشنر بھمبران والیکشن کمشنر سندھ کیخلاف توہین عدالت کی درخواست دائر

کراچی (آئی این پی) سندھ ہائیکورٹ میں چیف الیکشن کمشنر محمد رمضان راجا، بھمبران الیکشن کمشن اور الیکشن کمشنر سندھ کے خلاف توہین عدالت کی درخواست دائر کر دی گئی، (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

پیپلز پارٹی صوبوں کے گورنروں کے لیے کسی نام پر غور نہیں کر رہی: شازیہ مری

اسلام آباد (این این پی) پاکستان پیپلز پارٹی کی مرکزی رہنما و مرکزی قومی اسمبلی شازیہ مری نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی صوبوں (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

کراچی سے قومی اسمبلی کے 3 حلقوں سے متعلق عذر داری کی درخواستیں مسترد

اسلام آباد (آئی این پی) الیکشن ٹریبونل نے کراچی کے قومی اسمبلی کے تین حلقوں سے متعلق عذر داری کی درخواستیں مسترد کر دیں۔ کراچی کے قومی اسمبلی کے حلقوں این ایس 237 سے (باقی صفحہ 3 نمبر 2)

ڈپٹی اسپیکر خیبر پختونخوا اسمبلی کیلئے خاتون رخسانہ پاریالی کا نام فائنل

پشاور (این این پی) پاکستان تحریک انصاف نے ڈپٹی اسپیکر خیبر پختونخوا اسمبلی کیلئے خاتون رخسانہ پاریالی کا نام فائنل کر لیا۔ ذرائع تحریک (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

اسپیکر قومی اسمبلی آج یا دگار مقدمہ اور باغ دستور کا افتتاح کریں گے

اسلام آباد (این این پی) اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف آج بدھ 28 فروری کو دن دو بجے یادگار مقدمہ اور باغ دستور کا افتتاح کریں گے۔ شاہراہ جمہوریت (ڈی چوک) (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

(ن) لیگ کی خواتین ارکان کا پنجاب اسمبلی کے سامنے جشن

ڈھول کی تھاپ پر بھنگڑے ڈالے، مٹھائی تقسیم، مریم نواز کے حق میں نعرے بازی کی گئی

لاہور (آئی این پی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر و چیف آرگنائزر مریم نواز کے دورہ اٹک پہنچنے پر منچلائی تقسیم کر رہی (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

عارف علوی کو غیر آئینی اقدام پر قانون کا سامنا کرنا پڑے گا: بلیول خان

صدر پاکستان کا کوئی بھی کارنامہ قابل رشک نہیں، کرسی کے پیچھے چھپنے کی اجازت نہیں دیتے

اسلام آباد (آئی این پی) پیپلز پارٹی کی سینئر پلوشہ خان نے کہا ہے کہ صدر پاکستان کا کوئی بھی کارنامہ قابل رشک نہیں ہے، یہ غیر آئینی صدر بنے چکے ہیں۔

عوام کے بنیادی حقوق، مسائل کے حل کیلئے آواز بلند کرینگے: ہمایوں اختر

حلقے کی عوام سے الیکشن کی مخالفت کے بغیر مختص مزید مضبوط اور پروان چڑھے گا، ان کے 17 ہی نمبر کھلتے

لاہور (آئی این پی) اجتماع پاکستان پارٹی کے سینئر نائب صدر ہمایوں اختر خان نے کہا ہے کہ عوام کے بنیادی حقوق اور مسائل کے حل کیلئے بھی قوت آواز

فیصل ووڈا کو اپنی دماغی حالت کا معائنہ کرانا چاہیے: عظمیٰ بخاری

جو فروری 98 دن تک لیفٹیننٹ جنرل باجوہ پریشن میں بھیگی بلیاں کرتے رہے، ترجمان مسلم لیگ (ن)

میں بردار ڈٹ کی خدمت گزار اور ذاتی گفتگو کا جواب دینا پاکستانی قومین گھنٹوں، فیصل وڈا

لاہور (این این پی) پاکستان مسلم لیگ (ن) نے ساتھی وفاقی وزیر فیصل وڈا اور ان کی پارٹی کو آڑے ہاتھوں لیا۔ کہا ہے کہ ہم نے کبھی کسی کو برا نہیں کہا، کسی کو برا نہیں کہتے، ہمارا پیغام ہے کہ ہم ملک کو ترقی دینا چاہتے ہیں،